
# BOOK INFO

| | |
|---|---|
| **Subject** | **Islamic Studies** |
| **Title:** | **MERI ISLAMIYAT KI KITAB 5** |
| **Author:** | **Riaz Ahmed** |
| **Pages:** | **108** |
| **Size:** | **18 cm X 23.50 cm** |
| **Binding:** | **C.B Center Pin** |
| **Ist Edition:** | **2005** |
| **Latest Edition:** | **2005** |
| **Printing:** | **4 Colours** |
| **ISBN:** | **978-969-584-110-5** |
| **Price:** | **Rs. 95.00** |

# میری
# اِسلامیات کی کِتاب



ریاض احمد
ایم۔اے، اسلامیات؛ ایم۔اے، عربی
ایم۔اے، پولیٹیکل سائنس؛ ایل ایل بی، بی۔ایڈ

پانچویں جماعت کے لیے

بُک سنٹر
لاہور، پاکِستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

میرا نام _______________ ہے۔

اب میں پانچویں جماعت میں ہُوں۔

یہ میری اِسلامیات کی کِتاب ہے۔

آیئے، دیکھیں اس کِتاب میں کون سا سبق کِس صفحہ پر ہے۔


| | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| پہلا باب | : قرآن مجید | 5 |
| | 1 ناظرہ قرآن: پارہ نمبر 5 تا 7 | 6 |
| | 2 حفظِ قرآن: آیت الکرسی، سورۃ الفلق، سورۃ الناس | 6 |
| | 3 حفظ و ترجمہ: | 6 |
| | التحیات، درودِ ابراہیمی | 7 |
| | نماز میں درود کے بعد کی دُعا | 8 |
| | دُعائے قنوت | 9 |
| دوسرا باب | : ایمانیات و عبادات | 11 |
| | 1 دنیا آخرت کی کھیتی | 12 |
| | 2 اطاعتِ رسولؐ | 16 |
| | 3 سُنّتِ نبویؐ کی اہمیّت | 21 |
| | 4 نمازِ جمعہ | 27 |
| | 5 عیدین | 31 |
| | 6 روزہ | 35 |
| تیسرا باب | : اُسوۂ حسنہ | 40 |
| | 1 انصارِ مدینہ کا ایثار | 41 |
| | 2 غزوہ بدر | 47 |
| | 3 غزوہ اُحد | 53 |
| | 4 غزوہ احزاب | 60 |
| چوتھا باب | : اخلاق و آداب | 66 |
| | 1 آدابِ ملاقات | 67 |
| | 2 وعدے کی پابندی | 71 |
| | 3 کفایت شعاری | 76 |
| | 4 بُردباری | 81 |
| | 5 رحم دِلی | 86 |
| | 6 عفو و درگزر | 91 |
| | 7 رواداری | 95 |
| | 8 اسلامی اُخُوّت | 99 |
| | 9 پاکستان ایک اسلامی ریاست | 105 |

# روزہ

## لفظی مفہوم

روزہ رکنِ دین ہے۔ روزے کے لیے عربی زبان میں **صَوْم** یا **صِیام** کے الفاظ آتے ہیں۔ صَوْم کے لفظی معنی 'رُک جانا' یا 'خاموش رہنا' کے ہوتے ہیں۔

## شرعی مفہوم

اسلامی شریعت میں صبح صادق سے لے کر غروبِ آفتاب تک اللہ کی رضا کے لیے کھانے پینے اور نفسانی خواہشات سے رُک جانے کا نام **روزہ** ہے۔

## روزہ کی فرضیت

اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے **2ھ** میں فرض فرمائے۔ اللہ کا ارشاد ہے:

"اے مومنو! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے' تاکہ تم پرہیزگار بنو۔"

## روزے کی اہمیّت

**روزہ** بڑی اہم عبادت ہے۔ روزہ رکھنا تمام مذاہب میں لازم ہے۔ عیسائی مذہب میں **ایسٹر** کے تہوار سے پہلے چالیس روزے رکھے جاتے ہیں۔ یہودی سَبَت (ہفتہ) کے دِن کا روزہ رکھتے ہیں۔ ہندوؤں میں بھی روزے کا تصور موجود ہے۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ روزہ فرد اور معاشرے کی سیرت کی تعمیر میں بڑا اہم **کردار** ادا کرتا ہے۔ لوگوں کے دِلوں میں ہمدردی کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ اس لیے **حضور** صلّی اللہ علیہ وَآلہٖ وسلّم نے رمضان المبارک کو

شَهْرُ الْمُوَاسَاةِ

'ہمدردی اور غمخواری کا مہینہ فرمایا'

فرد کے اخلاق کی تعمیر میں بھی روزہ اہم کردار ادا کرتا ہے۔ روزہ دار بدزبانی اور لڑائی جھگڑے سے پرہیز کرتا ہے۔ اس طرح فرد کی سیرت کی اصلاح ہوتی ہے۔ روزہ انسان کو صبر اور ضبطِ نفس کی تربیت دیتا ہے۔ اِسی لیے حضور صلّی اللہ علیہ وَ آلہٖ وسلّم نے رمضان المبارک کو

'بابرکت'، 'عظمت والا' اور 'صبر کا مہینہ فرمایا'

رمضان کے مہینہ میں مسلمان شب بیداری کا اہتمام کرتے ہیں۔ **تراویح** کی نماز میں قرآنِ کریم کی قرأت وسماعت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اِس سے نیکی کو فروغ ملتا ہے۔ قرآنِ کریم سے مسلمانوں کا شغف بڑھتا ہے۔

روزے کا اجر اللہ تعالیٰ خود براہِ راست عطا فرمائیں گے۔ ایک حدیث قدسی میں حضور صلّی اللہ علیہ وَ آلہٖ وسلّم نے اِرشاد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"روزہ میرے لیے ہے اور میں خود ہی اس کی جزا دوں گا۔"

حضور صلّی اللہ علیہ وَ آلہٖ وسلّم کا ارشاد ہے کہ

"افطار کے وقت روزہ دار اللہ سے جو دُعا کرتا ہے اللہ اُسے قبول کرتا ہے۔"

## رمضان کے فضائل

روزوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ماہِ رمضان کو بڑی فضیلت عطا کی ہے، مثلاً:

1. اِس میں شبِ قدر آتی ہے جس کی عبادت ایک ہزار مہینے کی عبادت سے بہتر ہے۔
2. ماہِ رمضان میں اللہ نفلوں کا ثواب فرضوں میں اور ایک فرض کا ثواب ستر گنا عطا کرتے ہیں۔
3. ماہِ رمضان میں مومن کا رِزق بڑھا دیا جاتا ہے۔
4. روزہ افطار کرانے والے کو روزہ دار کے برابر ثواب عطا کیا جاتا ہے اور روزہ دار کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔
5. حضور صلّی اللہ علیہ وَ آلہٖ وسلّم کا اِرشاد گرامی ہے:

"جس نے ماہِ رمضان کے روزے اسلامی عقیدے کے مطابق ثواب کی نیّت سے رکھے، اللہ تعالیٰ اُس کے تمام گزشتہ گناہوں کو معاف کرتے ہیں۔"

# مشق

**-1 کالم (الف) کے ہر جُملے کو کالم (ب) کے دُرست جملے سے لائن لگا کر ملائیے۔ مثال دے دی گئی ہے۔**

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| (i) صوم کے لفظی معنی | اِس کی جزا دیں گے۔ |
| (ii) روزہ پہلی اُمتوں پر بھی | قبول کرتا ہے۔ |
| (iii) یہودی سبت (ہفتہ) کے دِن کا | رُک جانا یا خاموش رہنا کے ہوتے ہیں۔ |
| (iv) حضور صلّی اللہ علیہ وَآلہٖ وسلّم نے رمضان المبارک کو ہمدردی اور | فرض تھا۔ |
| (v) رمضان کی راتوں کو مسلمان نمازِ تراویح | روزہ رکھتے ہیں۔ |
| (vi) روزہ اللہ کے لیے ہے اور اللہ ہی | غمخواری کا مہینہ فرمایا۔ |
| (vii) اللہ تعالیٰ روزہ دار کی دُعا کو | ادا کرتے ہیں۔ |

**-2 ہر بیان کے لیے دو دو جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب چن کر خالی جگہ پُر کیجیے۔**

(i) شبِ قدر ............... مہینوں سے بہتر ہے۔

(ii) شبِ قدر میں فرشتوں اور ............... کا نزول ہوتا ہے۔

(iii) شبِ قدر صبح طلوع ہونے تک ............... کی رات ہے۔

(iv) روزہ افطار کرانے والے کو............... کے برابر ثواب ملتا ہے۔

(v) روزہ دار کے اللہ تعالیٰ تمام ............... گناہوں کو معاف فرماتے ہیں۔

(vi) روزہ انسان میں خدا کے حاظر وناظر ہونے کا............... پختہ کرتا ہے۔

(vii) سحری اور افطاری سے انسان میں ...... کی پابندی جیسی عادت پختہ ہوتی ہے۔

ہزار :: دو ہزار

عزرائیلؑ :: روح الامینؑ

سلامتی :: تاریکی

حج کرنے والے :: روزہ دار

آئندہ :: گزشتہ

یقین :: عقیدہ

وقت :: کھانے

## کتابی مشق ــــــ طلبا کی سہولت کے لیے پہلا سوال حل کر دیا گیا ہے۔

1- مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے۔

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| (i) روزے کا مفہوم بیان کریں۔ | صبح صادق سے لے کر غروبِ آفتاب تک کھانے، پینے اور نفسانی خواہشات سے رُک جانے کا نام روزہ ہے۔ |
| (ii) قرآنِ مجید میں روزے کے متعلق کیا حکم دیا گیا ہے؟ | قرآنِ مجید میں اللہ نے فرمایا کہ ”مومنوں پر روزے فرض کر دیئے گئے، جس طرح پہلی اُمتوں پر روزے فرض تھے تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں۔“ |
| (iii) رمضان کی اہمیت بیان کریں۔ | روزہ ایک فرض عبادت اور رکنِ دین ہے۔ فرد اور معاشرے کی اصلاح کرتا ہے۔ |
| (iv) رمضان کے فضائل بیان کریں۔ | حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ماہ رمضان کو عظمت والا اور بابرکت مہینہ فرمایا۔ آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اِسے صبر کا مہینہ فرمایا اور بتایا کہ صبر کا بدلہ جنت ہے۔ آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے اِسے ہمدردی اور غمخواری کا مہینہ فرمایا۔ |
| (v) روزے کے فوائد لکھیں۔ | روزہ اِنسان میں خدا خوفی پیدا کرتا ہے۔ اُسے وقت کا پابند بناتا ہے۔ اُسے صحت مند انسان بناتا ہے۔ اُس کے اندر ہمدردی کا احساس پیدا کرتا ہے۔ |

2- مناسب لفظ سے خالی جگہ پُر کیجیے۔

(i) روزے کو عربی میں ............................ کہتے ہیں۔

(ii) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ............................ رکھنے کا حکم دیا ہے۔

(iii) سورج ........................ ہونے کے بعد روزہ افطار کیا جاتا ہے۔

(iv) روزہ دار کی دُعا ............................ ہوتی ہے۔

(v) شبِ قدر کی عبادت کا اجر ............................ مہینے کی عبادت سے بھی زیادہ ہے۔

(vi) روزہ دار رات کو قیام اور ............................ کی پابندی کرتا ہے۔

(vii) حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا: ”روزہ ............................ ہے۔“